COVID-19 ویکسین اور آپکی بچے کو جنم دینے کی صلاحیت

طبّی ماہرین اور سائنس دان اِس بات پر متفق ہیں کہ یہ ممکن نہیں ہے کہ ویکسینیں (vaccines) حمل ٹھہرنے کو متاثر کریں۔

ویکسینیں Covid-19 سے انتہائی بیمار ہونے اور موت کا شکار ہونے سے تحفظ فراہم کرتی ہیں۔ اگر آپکو Covid-19 کا خطرہ ہے، تو یہ بہت اہم ہے کہ آپ اُسوقت ویکسین لگوا کر اپنا تحفظ کریں جب آپکو اِس کی پیشکش کی جائے۔

بہت زیادہ افواہیں گردش کر رہی ہیں کہ ویکسینیں بارآوری (حمل ٹھہرنے) کی صلاحیت کو متاثر کر سکتی ہیں لیکن یہ درست بات نہیں ہے۔

وجوہات:

- کوئی سائنسی عمل نہیں ہے کہ جس سے کہ ویکسینیں بارآوری (حمل ٹھہرنے) کی صلاحیت کو متاثر کر سکتی ہو۔
- تمام ویکسینوں کی طرح Covid-19 ویکسین آپکے جسم کو بیماری سے لڑنے کا عمل سکھاتی ہے اور ایسا کرنے کے لئے اینٹی باڈیز پیدا کرتی ہے۔ اِس میں ایسے اجزاء نہیں ہیں جو حمل کو متاثر کریں اور اِس کے کمپونینٹس (لازمی حصے) چند دن کے بعد جسم سے خارج ہو جاتے ہیں۔
- اِس تھیوری کی حمایت میں کوئی ثبوت نہیں ہے کہ سپائیک پروٹین کے خلاف مدافعت کی وجہ سے حمل کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ زیادہ تر لوگ جن کو Covid-19 ہو جاتی ہے وہ سپائیک کے خلاف اینٹی باڈیز پیدا کر لیتے ہیں اور کوئی ایسے ثبوت نہیں ہیں کہ اُن عورتوں کو حمل کے کوئی مسائل پیدا ہوئے ہوں جن کو Covid-19 ہوئی تھی۔
- حاملہ عورتوں یا ایسی عورتوں کو جو حمل کی پلاننگ کر رہی ہیں، کے لئے نئی ادویات کے استعمال کی سفارش نہ کرنا ایک معیاری پریکٹس ہے اُسوقت جب وہ پہلی بار متعارف کروائی جا رہی ہوں۔ اَب جبکہ زیادہ ڈیٹا دستیاب ہے، ویکسین کے تحفظ کا جائزہ لینے کا ذمہ دار ادارہ (ویکسینیشنز اور امیونائزیشنز کی مشترکہ کمیٹی) نے تازہ ترین مشورہ دیا ہے کہ عورتوں کو ویکسین لگوانے کے بعد حمل میں دیر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

ماہرین کیا کہتے ہیں؟

جی پی ڈاکٹر کا پتہ:
Kate Heighway, Lead Midwife at Calderdale & Huddersfield NHS Trust

ایسا کوئی ثبوت نہیں ہے کہ کسی ویکسین کا حمل پر کوئی اثر پڑا ہو یا ایسا تجویز کرنے کی کوئی وجہ ہو۔ میں ہر کسی کو تجویز کروں گا کہ وہ ویکسین لگوائیں جب اُس کی پیشکش کی جائے۔ یہ محفوظ ہے اور وائرس کے خلاف بہترین تحفظ فراہم کرتی ہے۔

برٹش فرٹیلٹی سوسائٹی اینڈ ایسوسی ایشن آف ری پروڈکٹیو اینڈ کلینکل سائنٹیسٹ

"بالکل ایسا کوئی ثبوت نہیں ہے اور نہ ہی کوئی نظریاتی وجہ ہے، کہ ویکسین میں سے کوئی بھی مردوں یا عورتوں کی فرٹیلٹی (بارآوری/ حمل ٹھہرنے) کی صلاحیت کو متاثر کر سکتی ہے۔"

ڈاکٹر ایڈورڈ موریس، پریذیڈنٹ آف دا رائل کالج آف آبسٹیٹریشن اینڈ گائناکالوجسٹس

"ہم عورتوں کو دوبارہ یقین دہانی کروانا چاہتے ہیں کہ اِس بات کے تجویز کرنے کا کوئی ثبوت نہیں ہے کہ COVID-19 ویکسینیں حمل کی صلاحیت کو متاثر کریں گی۔ کوئی بھی حیاتیاتی قابل تعریف نظام نہیں ہے کہ موجودہ ویکسینیں عورتوں کی بارآوری (حمل ٹھہرنے) کی صلاحیت کو متاثر کریں گی۔ کوئی ثبوت پیش نہیں کیا گیا ہے کہ عورتیں جن کو ویکسین لگائی گئی ہے کو آئندہ کے لئے بارآوری کے مسائل جاری رہیں گے۔"

ڈاکٹر گیتری امریتھالنگم، کنسلٹینٹ، پبلک ہیلتھ انگلینڈ، نیشنل امیونائزیشن ٹیم:

"سٹڈیز سے ظاہر ہوا ہے کہ دوسری ویکسینوں کی طرح، جب آپکو ویکسین لگائی جا چکی ہو گی، تو اس ویکسین کے اجزاء آپکے لمف گلینڈز میں چلے جائیں گے اور چند دنوں کے بعد وہ آپکے جسم سے فضلے (ویسٹ پروڈکٹس) کی صورت میں خارج ہو جاتے ہیں۔ اور کوئی ایسا نظام نہیں ہے جس کے ذریعے یہ ویکسین آپکی آئندہ بارآوری (حمل ٹھہرنے) کی صلاحیت کو متاثر کر سکتی ہے۔"

پروفیسر کرس وٹی، چیف میڈیکل آفیسر فار انگلینڈ

"ویکسینوں میں سے کسی بھی ویکسین کا کوئی ثبوت نہیں ہے کہ جسکا بارآوری (حمل ٹھہرنے) کی صلاحیت پر اثر ہو، اور یہ حیران کن بات ہو گی کہ اگر اِن میں سے کوئی ایسا کرے گی۔ یہ کوئی ایسا پہلو نہیں ہے جس کے متعلق لوگوں کو تشویش کرنی چاہئے۔"

ڈاکٹر ورجینیا بیکٹ، کلینکل لیڈ فار ری پروڈکٹیو میڈیسن، بریڈفورڈ ٹیچنگ ہاسپیٹل این ایچ ایس فاؤنڈیشن ٹرسٹ:

"آپکے حاملہ ہونے کے متعلق ویکسین کے اثرات کی بابت بہت زیادہ غلط معلومات پھیلائی جا رہی ہیں لیکن ایسا حیتیاتی طور پر بالکل ممکن نہیں ہے۔ اگر آپ حمل کے ٹھہرنے کی کوشش کر رہی ہیں تو میں آپ کو ترغیب دوں گی کہ آپ ویکسین لگوائیں تا کہ آپکو حمل کے دوران Covid-19 کے خلاف تحفظ حاصل ہو۔"

مزید معلومات

- ڈاکٹر گیتری امیتھالنگم کے ویڈیو میں واضح کیا گیا ہے کہ ویکسینیں بارآوری (حمل ٹھہرنے کی صلاحیت) کو کیوں متاثر نہیں کرتیں:
  https://www.youtube.com/watch?v=aF4Hk5C27KU&list=PLLDAq3SAWJh14Eha8es7pUVU1rCU1E5yU&index=1
- ڈاکٹر ورجینیا بیکٹ کے ویڈیو میں واضح کیا گیا ہے کہ حمل ٹھہرنے کی کوشش کرنے والے لوگوں کو کیوں ویکسین لگوانی چاہئے:
  https://twitter.com/bthft/status/1362028759822594050?s=24
- برٹش فرٹیلیٹی سوسائٹی اینڈ ایسوسی ایشن آف ری پروڈکٹیو اینڈ کلینکل سائنسٹیٹس کی تیار کردہ فیکٹ شیٹ
  https://www.arcscientists.org/wp-content/uploads/2021/02/Covid19-Vaccines-FAQ-1_2-logos-1.pdf
- رائل کالج آف آبسٹیٹریشنز اینڈ گائیناکالوجسٹس کی تیار کردہ معلومات:
  Information and advice for pregnant women about the COVID-19 vaccine
- اگر ویکسین لگوانے کے متعلق آپکو کوئی تشویشات ہوں تو اپنے جی پی سے مشورہ حاصل کریں۔